دارالمطالعہ قرآن اکیڈمی
17/2/93

تا خلافت کی بنا دنیا میں ہو پھر استوار
لا کہیں سے ڈھونڈ کر اسلاف کا قلب و جگر

تحریکِ خلافت پاکستان کا نقیب

ہفت روزہ
# ندائے خلافت
لاہور

جلد ۲ شمارہ ۳

۱۸ر جنوری ۱۹۹۳ء

مدیر
اقتدار احمد

معاون مدیر
حافظ عاکف سعید

یکے از مطبوعات
تنظیمِ اسلامی
مرکزی دفتر: ۶۷۔ اے، علامہ اقبال روڈ، گڑھی شاہو، لاہور

مقام اشاعت
۳۶۔ کے، ماڈل ٹاؤن، لاہور
فون: ۸۵۶۰۰۳

پبلشر: اقتدار احمد طابع: رشید احمد چودھری
مطبع مکتبہ جدید پریس ریلوے روڈ لاہور

ندائے خلافت کا یہ شمارہ بلاقیمت ہے
جو رفقائے تنظیم اسلامی اور معاونین تحریک خلافت
پاکستان کو اعزازی طور پر بھیجا جاتا ہے۔

# رفقائے تنظیم اور معاونین تحریک کے نام

## ناظم اعلیٰ کا پیغام

محترم و مکرم رفقائے تنظیم و معاونین تحریک خلافت
السلام علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ۔

توقع ہے آپ سب ساتھی مع اہل خانہ و احباب خیرو عافیت سے ہونگے۔ جیسا کہ آپ کے علم میں آچکا ہے کہ "ندائے خلافت" کا ایک شمارہ معمول کے مطابق طبع ہوگا اور ہر دوسرے ہفتے کا شمارہ خاص طور پر تنظیم اسلامی کے رفقاء اور تحریک خلافت پاکستان کے معاونین کے لئے مخصوص ہوگا۔ اس شمارے کی ایک کاپی تمام رفقاء تنظیم اور معاونین تحریک کو اعزازی طور پر ارسال کی جائیگی۔ اس شمارے میں تنظیم و تحریک اور رفقاء و معاونین سے متعلق ہدایات ' معلومات اور اطلاعات وغیرہ فراہم کی جائیں گی۔ مثلاً اس شمارے میں تنظیم اسلامی پاکستان کے ملتزم رفقاء کے لئے ایک خصوصی ریفریشر کورس کی اطلاع موجود ہے جو مرکزی ناظم تربیت محترم ڈاکٹر عبدالخالق صاحب کی جانب سے شائع ہوئی ہے۔ جزوقتی پانچ روزہ کورس پاکستان میں دس مختلف مقامات پر ایک ہی وقت میں شروع ہوگا اور اس میں تمام ملتزم رفقاء کی شرکت ضروری ہے۔ وہ ذمہ دار و عہدہ دار رفقاء جو کسی وجہ سے کراچی میں منعقدہ پروگرام میں شریک نہیں ہوسکے خصوصاً" اس پروگرام میں شرکت کا اہتمام کریں۔ تنظیم اسلامی گجرات اور حلقوں سے منسلک اسرہ جات و منفرد رفقاء کے لئے اگرچہ اس کورس میں شرکت لازم نہیں تاہم ان کے لئے موقع ہے کہ وہ مرکزی تنظیم اسلامی گڑھی شاہو لاہور میں ہونے والے پروگرام میں ہمہ وقتی شریک ہوں۔ ان کے لئے دن کے اوقات میں اضافی پروگراموں کا اہتمام بھی کرلیا جائے گا۔ اس ضمن میں جو خاص بات عرض کرنی ہے وہ یہ کہ تمام ملتزم رفقاء اسی سرکلر کو مرکز کی جانب سے حتمی اطلاع سمجھیں۔ اس کے لئے علیحدہ سے کوئی سرکلر جاری نہیں کیا جائے گا۔

دوسری اطلاع تحریک خلافت پاکستان کی کنوینگ کمیٹیوں کے ممبران کے لئے ہے۔ انہیں بھی اگرچہ علیحدہ سرکلر کے ذریعے اطلاع بھجوائی گئی ہے تاہم اگر وہ سرکلر کسی وجہ سے انہیں نہ پہنچ سکا ہو تو وہ بھی اسی اطلاع کی بنیاد پر اس پروگرام میں شرکت کا اہتمام کریں۔

دوسری بات جو عرض کرنی ہے وہ یہ ہے کہ اس شمارے کے لئے تمام معلومات ' اطلاعات وغیرہ رفقاء اور معاونین اور تنظیم و تحریک کے ذمہ دار حضرات کو فراہم کرنی ہیں۔ چنانچہ ایسا مواد جو آپ سمجھتے ہیں کہ تنظیم و تحریک کے مفاد میں ندائے خلافت میں شائع ہونا چاہیے ' اس کا تعلق آپ کی ذات سے ہو یا آپ کے اسرہ' تنظیم ' کنوینگ کمیٹی' حلقہ کسی بھی سطح کی سرگرمیوں سے ہو' اپنی اولین فرصت میں تنظیم اسلامی کے مرکزی دفتر ۶۷۔ اے علامہ اقبال روڈ گڑھی شاہو ارسال کریں تاکہ اسے آئندہ شمارے کے لئے تیار کیا جاسکے۔ مزید برآں تنظیم و تحریک کے تعارف اور اس کی دعوت کو عام کرنے کے لئے تجاویز اور مشورے بھی اہتمام کے ساتھ ہمیں روانہ کیجئے۔ اس پرچے کو مزید بہتر بنانے کے لئے بھی آپ کی آراء کا ہمیں انتظار رہے گا۔

توقع ہے کہ آپ ان گذارشات کو اپنے پیش نظر رکھیں گے۔ اللہ ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

فقط والسلام
عبدالرزاق
ناظم اعلیٰ تنظیم اسلامی پاکستان
ناظم تحریک خلافت پاکستان

## تبدیلی ٹیلی فون نمبر

تنظیم اسلامی کے مرکزی دفتر میں نصب فیکس مشین، کا فون نمبر تبدیل ہوگیا ہے۔

| پرانا نمبر | نیا نمبر |
|---|---|
| ۳۶۶۳۳۸ | ۶۳۶۶۳۳۸ |

# تحریک خلافت پاکستان کی کنوینگ کمیٹیوں کے اراکین کا مشاورتی اجتماع

یہ اطلاع معاونین کے لئے یقیناً باعث اطمینان ہوگی کہ تحریک خلافت پاکستان سوسائٹیز ایکٹ کے تحت باقاعدہ رجسٹر ہوگئی ہے۔ تحریک کی رجسٹریشن میں بعض قانونی پیچیدگیوں کے باعث جو غیر معمولی تاخیر ہوئی ہے اس کی وجہ سے ہم تحریک کی سرگرمیوں کو مکمل منصوبہ بندی کے ساتھ نہیں چلا سکے بہرحال "دیر آید درست آید" کے مصداق یہ مرحلہ الحمد للہ بخیر و خوبی مکمل ہوگیا ہے۔

جیسا کہ آپ کے علم میں ہے ہم نے اس عبوری دور کے دوران ملک کے بیشتر بڑے چھوٹے شہروں، قصبوں اور گاؤں تک میں تحریک خلافت کے پیغام کو پہنچانے کی کوشش کی ہے تاہم رجسٹریشن کے انتظار میں باقاعدہ مستقل نظم قائم نہیں کیا تھا۔ اب جبکہ یہ مرحلہ طے ہوچکا ہے ہم چاہتے ہیں کہ تحریک کو ایک خود مختار ادارے کی حیثیت سے منظم کر کے اس کے انقلابی پیغام کو وسیع پیمانے پر پھیلا دیا جائے۔ چنانچہ تمام معاونین کا کل پاکستان تحریک خلافت کنونشن بلانے کے لئے مشورہ اور دیگر انتظامی و تنظیمی امور پر گفتگو کے لئے داعی تحریک خلافت پاکستان محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب نے ملک کے مختلف شہروں میں قائم تمام کنوینگ کمیٹیوں کے اراکین کا

## ایک خصوصی اجلاس ۱۵ر جنوری ۹۳ء بروز جمعہ نماز عصر سے متصلاً بعد ٹھیک چار بجے قرآن اکیڈمی ۳۶۔کے ماڈل ٹاؤن لاہور

میں طلب فرمایا ہے۔ یہ پروگرام رات ۹ بجے تک جاری رہ سکتا ہے۔ اگر آپ محترم ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کے خطبہ جمعہ سے بھی استفادہ کرنا پسند کریں تو پھر جمعہ کی صبح ساڑھے گیارہ بجے مسجد دار السلام باغ جناح میں تشریف لے آئیں۔ وہاں سے فارغ ہو کر آپ کو قرآن اکیڈمی پہنچانے کا انتظام کرلیا جائے گا۔

توقع ہے کہ آپ اس پروگرام کی اہمیت کے پیش نظر اس میں شرکت کو دیگر تمام امور پر ترجیح دیں گے اور پابندی وقت کے ساتھ اس میں شرکت کا اہتمام فرمائیں گے۔ زیادہ مناسب ہوگا کہ آپ اپنے علاقے کی کنوینگ کمیٹی کے دیگر اراکین کے ہمراہ اجتماعی پروگرام بنائیں۔ اور کنوینر صاحب کی قیادت میں اس پروگرام میں شریک ہوں۔

نوٹ: ۱ کنوینرز ایسے نمایاں اور سرگرم معاون تحریک کو بھی اجلاس میں شرکت کی دعوت دے سکتے ہیں جو اگرچہ کنوینگ کمیٹی کے ممبر تو نہیں ہیں لیکن تحریک کے امور میں خصوصی دلچسپی لیتے ہیں۔
۲ شرکاء اجلاس کے قیام اور طعام کا اکیڈمی میں انتظام ہوگا۔

المعلن --- عبدالرزاق
ناظم تحریک خلافت پاکستان

---

# ۵ روزہ ریفریشر کورس برائے ملتزم رفقاء

## ۲۴ر جنوری بروز اتوار تا ۲۸ر جنوری بروز جمعرات

یہ ریفریشر کورس پورے پاکستان میں مندرجہ ذیل ۱۰ مقامات پر ہوگا۔ مقام و ناظم پروگرام کے اسمائے گرامی مندرجہ ذیل ہیں:

۱۔ دفتر تنظیم اسلامی پشاور --- ڈاکٹر محمد مقصود
۲۔ دفتر تنظیم اسلامی راولپنڈی/اسلام آباد --- غلام مرتضیٰ اعوان
۳۔ دفتر تنظیم اسلامی فیصل آباد --- پروفیسر خان محمد
۴۔ مرکزی دفتر تنظیم اسلامی لاہور --- مرزا ایوب بیگ (تنظیم اسلامی لاہور شہر کے رفقاء یہاں شریک ہونگے)
۵۔ قرآن اکیڈمی ماڈل ٹاؤن لاہور --- محمود عالم میاں (تنظیم اسلامی لاہور شرقی کے رفقاء یہاں شرکت کریں گے)
۶۔ قرآن اکیڈمی ملتان --- ڈاکٹر محمد طاہر خاکوانی
۷۔ دفتر تنظیم اسلامی کراچی وسطی --- اختر ندیم (تنظیم اسلامی کراچی وسطی اور شرقی نمبر ۱ کے ملتزم رفقاء شریک ہونگے)
۸۔ دفتر تنظیم اسلامی حلقہ سندھ آرام باغ کراچی --- عبدالرحمٰن ہنگورہ۔ تنظیم اسلامی کراچی جنوبی و حلقہ سے منسلک کراچی کے ملتزم رفقاء شریک ہونگے۔
۹۔ دفتر تنظیم اسلامی کراچی شرقی نمبر ۲ مادام اپارٹمنٹس --- نوید احمد۔ تنظیم اسلامی کراچی شرقی نمبر ۲ + شرقی نمبر ۳ شریک ہونگے اور لانڈھی کے رفقاء یہاں شرکت کریں گے۔
۱۰۔ دفتر تنظیم اسلامی کوئٹہ --- محمد راشد گنگوہی۔

نوٹ: تنظیم اسلامی فیروز والا کے ملتزم رفقاء مرکزی دفتر گڑھی شاہو میں منعقدہ ریفریشر کورس میں شریک ہونگے۔

☆ استثناء: تنظیم اسلامی گجرات اور مختلف حلقہ جات سے منسلک اسرہ جات اور منفرد ملتزم رفقاء حسب سہولت مرکزی دفتر تنظیم اسلامی گڑھی شاہو لاہور کے پروگرام میں شریک ہوسکیں گے۔ ایسے رفقاء کے لئے دن کے اوقات میں مزید پروگراموں کا اہتمام کیا جائے گا۔

### قابل توجہ امور

(۱) یہ ریفریشر کورس تمام ملتزم رفقاء (ماسوائے استثنائی صورت ☆) کے لئے لازم ہوگا۔
(۲) یہ پروگرام صرف ملتزم رفقاء کے لئے ہے۔ مبتدی رفقاء اس میں شریک نہیں ہوسکیں گے۔
(۳) یہ کورس صرف رات کے اوقات میں ہوگا اور ۵ یوم جاری رہے گا۔
(۴) پروگرام کا دورانیہ ۶ بجے شام تا ساڑھے دس بجے رات تک ہوگا جس کے دو سیشن ہونگے۔ ۶ بجے تا ۸ بجے اور ۹ بجے تا ساڑھے دس بجے۔ پروگرام کے آغاز اور اختتام کے اوقات میں نمازوں کے مقامی اوقات کے مطابق کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔ لیکن دورانیہ اور پروگرام کی ترتیب یہی رہے گی۔
(۵) ۸ تا ۹ بجے نماز عشاء اور کھانے کا وقفہ ہوگا۔ کھانے کا خرچ رفقاء کے ذمے ہوگا جو ۷ روپیہ فی یوم طے کیا گیا ہے۔ ۵ یوم کا خرچ ۳۵ روپے ہوگا۔
(۶) وقت کی پابندی کا خاص خیال رکھنا ہوگا۔ کوشش

کی جائے کہ مقررہ وقت سے پانچ منٹ قبل مقام اجتماع میں پہنچ جائیں۔ تاخیر کی صورت میں فی منٹ ایک پوائنٹ جرمانہ ہوگا اور کسی بھی ایک سیشن (ہر روز دو سیشن ہونگے) میں غیر حاضری کی صورت میں ۲۵ پوائنٹس جرمانہ ہوگا۔ جس رفیق کے بھی ۵۰ پوائنٹس ہوجائیں گے اسے اس پورے پروگرام سے غیر حاضر تصور کیا جائے گا۔

(۷) پروگرام کے ناظمین کے لئے مفصل ہدایات ان شاء اللہ جلد ہی علیحدہ سرکلر کے ذریعے روانہ کردی جائیں گی۔

ڈاکٹر عبدالخالق
مرکزی ناظم تعلیم و تربیت
تنظیم اسلامی پاکستان

# تنظیم اسلامی پاکستان کے عہدہ داران کی فکری و نظری تربیت کے لئے ریفریشر کورس

تنظیم اسلامی پاکستان نے اپنے ذمہ دار و عہدہ دار رفقاء کی ذہنی و فکری تربیت کے لئے ایک ہفت روزہ ریفریشر کورس کا اہتمام کیا جس میں پاکستان کے مختلف حصوں سے تنظیم اسلامی کے عہدہ داران نے شرکت کی ۔ یہ پروگرام ۲۶ر تا ۳۱ر دسمبر ۹۲ء انجمن خدام القرآن سندھ کی قائم کردہ قرآن اکیڈمی کراچی میں منعقد ہوا۔ ۲۶ر دسمبر ۹۲ء کو حلقہ سندھ اور بلوچستان کی سطح پر توسیعی مشاورت کا اہتمام کیا گیا جس میں اس حلقے کے بہت سے رفقاء نے امیر محترم اور تنظیم کی پالیسیوں پر کھل کر اظہار خیال کیا۔

تنظیم اسلامی کے نظام العمل کے مطابق توسیعی مشاورت کا انعقاد اسی مقصد کے لئے ہوتا ہے کہ کوئی بھی رفیق تنظیم چاہے وہ ایک روز قبل ہی تنظیم میں شامل ہوا ہو وہ تنظیم کی جملہ پالیسیوں اور امیر تنظیم کے افکار و نظریات، عملی زندگی یہاں تک کہ نجی زندگی کو بھی ہدف تنقید بنا سکتا ہے۔

الحمدللہ یہ پروگرام اپنے مقصد کے اعتبار سے بہت کامیاب رہا۔ رفقاء نے کھل کر اظہار خیال کیا اور امیر تنظیم کو مشورے بھی دئے۔

۲۷ر تا ۳۱ر دسمبر روزانہ بعد نماز فجر ایک گھنٹہ سینئر رفقاء میں سے بعض نے مختلف موضوعات پر لیکچرز دئے۔ امیر محترم نے نوائے وقت میں شائع ہونے والے اپنے کالموں میں سے منتخب مضامین کا تفصیل سے مطالعہ کرایا جن پر رفقاء مذاکرے کی صورت میں مختلف گروپس میں گفتگو کرتے اور اس گفتگو کے نتیجے میں جو سوالات پیدا ہوتے امیر محترم نے ان کے جوابات دئے۔

محترم سراج الحق سید صاحب نے روزانہ تنظیمی اور انتظامی موضوعات پر مفید لیکچرز دئے۔ رفقاء سے مختلف مشورہ طلب امور پر ایک مفصل پروفارما (opinion poll) پر کروایا گیا۔ اور پروگراموں کے بارے میں ان کی رائے بھی ایک علیحدہ پروفارما پر حاصل کی گئی ۔ مجموعی طور پر یہ پروگرام بہت مفید رہا۔ اس پروگرام میں ایک سو دس رفقاء نے شرکت کی۔

## شادی خانہ آبادی

گذشتہ پندرہ روز کے دوران ہمارے درج ذیل رفقاء رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے۔

ممنون میاں   کراچی
جاوید عبداللہ   کراچی
محمد ابراہیم   گوجرانوالہ

اللہ تعالیٰ ان نئے جوڑوں کو دین و دنیا کی نعمتوں سے نوازے۔

## بلاعنوان

**محمد سمیع کراچی**

کہتے ہیں مرحوم اسرار الحق مجاز ایک مرتبہ لاہور آئے۔ جب واپس جانے لگے تو یاروں نے لاہور کے بارے میں ان کے تاثرات معلوم کرنے چاہے۔ مجاز مرحوم نے جواب دیا کہ لاہور ویسے تو اچھا شہر ہے لیکن پنجابی بہت ہیں۔ مجھے اللہ تعالیٰ نے موقع دیا کہ میں تنظیم اسلامی کے عہدیداروں کی تربیت گاہ میں شریک ہوسکوں۔ ایک ہفتہ اپنے پنجاب کے رفقاء کے ساتھ گزارنے کے بعد میرا جو تاثر بنا وہ یہ ہے کہ ہمارے رفقاء ماشاء اللہ بہت ہی اچھے ہیں لیکن پنجابی بہت بولتے ہیں۔

تفصیل اس اجمال کی یہ ہے کہ رفقاء کی مجلسوں میں خصوصاً" مذاکرے کے دوران رفقاء اکثر آپس میں پنجابی میں شروع ہوجاتے اور اپنا حال یہ کہ ع زبان یار من ترکی و من ترکی نمی دانم ۔ خیال ہوا کہ ہمارے رفقاء مجلسی آداب سے یقیناً واقف ہونگے ' پھر آخر ایسا کیوں ہورہا ہے؟ شکر ہے جلد ہی مجھے اپنے اس سوال کا جواب ملا کہ ہمارے بعض ساتھیوں نے میری دشواری کو محسوس کرتے ہوئے انہیں ٹوکا کہ بھائی اردو میں بات کرو کہ یہ محض پنجابی نہیں سمجھتا۔ میں نے محسوس کیا کہ تھوڑی دیر رفقاء اس ٹوکنے پر محتاط ہوجاتے لیکن ذرا دیر بعد دوبارہ پنجابی میں شروع ہوجاتے۔ تب مجھے رشک آنے لگا کہ اپنی مادری زبان سے ہمارے رفقاء کو کتنی محبت ہے۔ ایک ہمارے وہ کالے انگریز جو دوستوں کی محفل میں بھی انگریزی بولتے نہیں تھکتے!۔


ڈاکٹر اسرار احمد
کی تالیف
استحکامِ پاکستان
اشاعت خاص   اشاعت عام
۵۰/- روپے   ۳۰/- روپے
مکتبہ مرکزی انجمن خدام القرآن لاہور ۳۶۔ کے ماڈل ٹاؤن
فون: ۸۵۶۰۰۳

استحکام پاکستان اور مسئلہ سندھ
ہر دردمند پاکستانی کے لیے اِس کتاب کا مطالعہ ضروری ہے!
قیمت ۳۰ روپے
ملنے کا پتہ: انجمن خدام القرآن ۳۶ کے ماڈل ٹاؤن لاہور

**WEEKLY "NIDA-E-KHILAFAT" LAHORE**
**36-K, Model Town Lahore- 54700 Regd:No L. 9184**

## اطلاع

امیر تنظیم اسلامی کے ہفتہ وار خطابات جمعہ کے کیسٹ اب تمام تنظیموں کو مرکزی دفتر تنظیم اسلامی گڑھی شاہو لاہور سے براہ راست ارسال کئے جاتے ہیں۔ امراء، نقباء، رفقائے تنظیم آئندہ خطابات جمعہ کی ترسیل کے لئے براہ راست مرکزی دفتر تنظیم اسلامی گڑھی شاہو ۶۷۔اے، علامہ اقبال روڈ سے خط و کتابت کریں۔

## مسجد کے زیر سایہ

"ندائے خلافت" کے پچھلے خصوصی شمارے میں عرض کیا گیا تھا کہ قرآن کالج اور محلے کی مسجد سے ملحق ایل ڈی اے کے پارک میں ایک "میوزک کنسرٹ" کے انعقاد کا اشتہار آس پاس دیواروں پر چسپاں پایا گیا تو قرآن کالج ہاسٹل کے وارڈن میجر (ریٹائرڈ) فتح محمد صاحب بے چین ہوگئے۔ اس بلائے ناگہانی کو انہوں نے کیسے ٹالا، اس کی تفصیل رہ گئی تھی جو یوں ہے کہ میجر صاحب نے سوچا کہ پوسٹر کی تصویر اتار کر لاہور کے ڈپٹی کمشنر صاحب کو ایک درخواست کے ساتھ پیش کی جائے کہ مسجد کے زیر سایہ خرابات کے جواز کا اندازہ کریں اور یہ ستم ظریفی بھی ملاحظہ فرمائیں کہ پارک کی نشاندہی کے لئے "نزد قرآن کالج" لکھا گیا ہے۔ پوسٹر نہایت مضبوط گوند سے چپکائے گئے تھے لہٰذا ان میں سے کسی ایک کو بھی صحیح سالم اتار لینا ممکن نہ تھا۔

میجر صاحب کے پیش نظر ایک برائی کو روکنا تھا جبکہ اس کا ارتکاب کرنے والوں سے انہیں کوئی دشمنی نہیں، ہمدردی تھی چنانچہ ڈپٹی کمشنر کو درخواست بھیجنے کی تیاری کے ساتھ ساتھ انہوں نے منتظمین سے رابطے کی کوشش جاری رکھی۔ پوسٹر پر ان سے رابطے کا اگرچہ کوئی پتہ درج نہ تھا تاہم جوئندہ یابندہ، میجر صاحب ان میں سے ایک نوجوان تک پہنچنے میں کامیاب ہوگئے۔ اسے نہایت دلسوزی اور شائستگی سے سمجھایا کہ جو کام کرنے کا تم ارادہ رکھتے ہو وہ اپنی جگہ بھی اچھا نہیں اور اس مقام پر تو ہرگز روا نہیں جس کا تم لوگوں نے تعین کیا ہے۔ نوجوان نے میجر صاحب کی نصیحت کا کچھ تو اثر لیا لیکن بات بنی نہیں۔

اگلے روز میجر صاحب کی مخلصانہ سعی و جہد رنگ لائی اور اس نوجوان کی طرف سے اطلاع آئی کہ ہم نے اپنا پروگرام منسوخ کر دیا ہے۔ الحمدللہ ثم الحمدللہ، رسیدہ بود بلائے ولے بخیر گزشت۔ سبق اس کہانی میں یہ ہے کہ بھلائی کے راستے میں خلوص کے ساتھ کی گئی کوشش رائیگاں نہیں جاتی، آزمائش شرط ہے!۔

## دعائے صحت

تنظیم اسلامی کراچی کے عابد جاوید خان گذشتہ ہفتے ٹریفک حادثے میں زخمی ہوگئے اور ان کی ایک ٹانگ کا فریکچر بھی ہوگیا ہے۔ رفقاء سے ان کی جلد صحت یابی کی درخواست ہے۔

## دعائے مغفرت

تنظیم اسلامی کراچی شرقی III کے رفیق افتخار عالم کی ہمشیرہ گذشتہ دنوں ٹریفک کے حادثے میں انتقال کر گئیں۔ ان کی مغفرت کے لئے رفقاء تنظیم سے دعا کی درخواست ہے۔

## شناختی کارڈ میں مذہب کے خانے کے اضافے کے حکومتی فیصلے کی واپسی کے خلاف تنظیم اسلامی لاہور کا پُر امن مظاہرہ

تنظیم اسلامی لاہور شہر اور لاہور شرقی ۱۳ جنوری ۹۳ء کو شام چار بجے حکومت کے شناختی کارڈ میں مذہب کے خانے کے اضافے کے فیصلے کی واپسی کے خلاف پر امن مظاہرہ کرے گی۔

مظاہرین ناصر باغ سے نیلا گنبد تک، پلے کارڈ لے کر مارچ کریں گے اور نیلا گنبد پر امیر تنظیم اسلامی لاہور شہر کے خطاب پر یہ مظاہرہ اختتام پذیر ہوگا۔